پریس ریلیز 28 مئی 2022

گجرات چیمبر آف کامرس کا آٹھواں مجلس عاملہ اجلاس نعیم امتیاز گوندل صدر گجرات چیمبر آف کامرس کے زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا اس کے بعد سابقہ کاروائی اور بلز کی توثیق لی گئی۔ صدر گجرات چیمبر نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہماری نئے ڈی پی او گجرات اور منسٹر انڈسٹریز کے ساتھ گجرات چیمبر میں میٹنگ تھی لیکن اس کو ڈیلے کرنا پڑا۔ گجرات چیمبر آف کامرس کی رینول کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ ہم نے 5100 کی ریکارڈ ممبرشپ رینولز کیں ہیں اور یہ ٹیم ورک اور محنت کا نتیجہ ہے۔ اس کے لیے میں اپنے چیئرمین رینول کمیٹی، رینول ہیلپ ڈیسک کنوینئر ز اور اپنے سیکرٹریٹ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کیونکہ جب تک آپ کا سیکرٹریٹ آپ کو سپورٹ نہ کرے یہ ممکن نہیں ہوسکتا۔ ہمارا ڈائننگ ہال مکمل رینوویٹ ہو چکا ہے اور اس کا جلد افتتاح کروائیں گے اور اسی دن ان رینول ہیلپ ڈیسک کنوینئرز جنہوں نے اچھی کارکردگی دکھائی ان کو بھی سراہا جائے گا۔ گجرات چیمبر آف کامرس کے ڈیلی گیشن کے حوالے سے ہاؤس میں فیصلہ کیا گیا کہ 8 دن کا ڈیلیگیشن ہوگا اور اس کو عید کے فوراً بعد لے کر جایا جائے گا۔ سالانہ صنعتی نمائش منعقد کروانے کے حوالے سے فیصلہ کیا گیا کہ اس کو جون کے آخر میں منعقد کروایا جائے گا۔

گجرات چیمبر آف میں حریت رہنما کشمیر یٰسین ملک کے حق میں کرادار پیش کی گئی اور کہا گیا کہ گجرات چیمبر آف کامرس یٰسین ملک کے ساتھ کی گئی بھارتی زیادتی کی بھرپور مزمت کرتا ہے۔

میٹنگ کے اختتام پر نائب صدر کاشف منظور بٹ نے میٹنگ کے شرکاء اور کھانے کے ہوسٹس نبیل رمضان، عمران فیصل اور خالد پرویز بٹ ایگزیکٹو ممبران کا شکریہ ادا کیا۔